© rasailojaraid.com



## پوران اور کھوہار میں تبلیغی جلسے

گزشتہ دنوں مسجد اھل حدیث پوران میں تبلیغی جلسہ ہوا۔ خطیب پاکستان حضرت مولانا محمد محمد حسین شیخوپوری نے خطاب کیا۔

کچھ دنوں بعد پوران میں ہی اور ایک اور جلسہ عام ہوا قاری محمد یعقوب فیصل آبادی نے بڑا پرسوز خطاب فرمایا

کھوھار میں ملک محمد اقبال نے اپنے گھر کے متصل باہر کھلی فضا میں تبلیغی جلسہ کا اہتمام کیا۔ قاری یعقوب فیصل آبادی نے بڑا پر تاثیر خطاب فرمایا مذکورہ بالا جلسوں میں قاری عبدالشکور بن قاری عبدالرشید صدیقی نے تلاوت کلام مجید کی اور عبداللطیف متعلم جامعہ علوم اثریہ نے نظمیں پڑھیں۔

## موت العالم موت العالم

گزشتہ دو مہینوں کے قلیل عرصہ میں جماعت اہلحدیث کو کبار علماء کی پے در پے اموات پر گہرے صدمات برداشت کرنا پڑے۔ جن میں حضرت مولانا محی الدین لکھوی۔ پروفیسر چوہدری عبدالحفیظ انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور، واعظ خوش الحان حضرت مولانا محمد منشاء حامد صاحب (گوجرانولہ) اور لاہور کے پرنٹنگ کے ماہر حافظ عبدالرحمان گوہڑوی شامل ہیں انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔

ادارہ "حرمین" مذکورہ بالا تمام علماء کرام کی وفات پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور ادارہ انکے ورثاء و پسماندگان کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللّٰہ تعالی مرحومین کی غلطیوں، کوتاہیوں اور لغزشوں سے درگزر فرمائے اور انکی نیکیوں کو قبول فرمائے۔ اور اعلی علیین میں مقام عطا فرمائے۔ آمین اور انکے ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

**غائبانہ نماز جنازہ** مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے نماز جمعہ کے بعد انکی غائبانہ نمازہ جنازہ پڑھائی۔ اللھم اغفرلھم وارحمھم وادخلھم الجنۃ الفردوس

© rasailojaraid.com